**24/02/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ محمد اعظم سے خبریں سُنئے**

**وزیر اعظم**

**وزیر اعظم نریندر مودی آج بہار کے Bhagalpur سے پردھان منتری کسان سمان ندھی اسکیم کی 19 ویں قسط جاری کریں گے۔ یہ قسط 9.8 کروڑ مستفید ہونے والے کسانوں کو براہ راست رقومات کی منتقلی کے ذریعے جاری کی جائے گی۔ اس اسکیم سے مستفیدین کے بینک کھاتوں میں 22 ہزار 7 سو کروڑ روپے سے زیادہ کی امداد براہ راست جاری کی جائے گی۔**

**جتیندر سنگھ**

**سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ بی جے پی نے حالیہ اسمبلی انتخابات میں حکمران جماعت سے کہیں زیادہ ووٹ شیئر کے ساتھ کامیابی حاصل کی ہے ۔**

**انہوں نے کہا کہ جموں کے علاقے کے لوگوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی" ڈبل انجن " سرکار پر اکثریت سے اعتماد ظاہر کیا ہے۔**

**ایل جی ملاقات**

**ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل بڈگام کے چیئرمین نذیر احمد خان اور او بی سی ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد اقبال آہنگر نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔**

**انہوں نے عوامی اہمیت کے مسائل لیفٹیننٹ گورنر کی نوٹس میں لاکر ان کے ازالے کی درخواست کی ۔**

**ڈائریکٹر کالجز**

**ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر نے اپنے دو روزہ دورے کے دوران شمالی کشمیر میں Bommaiقائم کئے گئے ڈگری کالجوں میں جاری کام کاج کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ڈنگی وچھہ ، سوپوراور ٹھِنڈمہ کریری کے ڈگری کالجوں کا معائینہ کیا ، جہاں انہوں نے التواءمیں پڑے تعمیراتی منصوبوں اور زیر تعمیر پروجیکٹوں کا جائزہ لیا ۔**

**سریش کمار گپتا**

**پرنسپل چیف کنزرویٹر آف فارسٹس اینڈ ہیڈ آف فاریسٹ فورس سریش کمار گپتا نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران محکمہ جنگلات کے کام کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر سریش کمار گپتا نے سینٹر کے نام سے فاریسٹ Nature and Knowledge بڈگام کے سکول میں قائم کی گئی لائبرری کا افتتاح کیا ۔ جس کا مقصد نوجوان نسل میں ماحولیاتی تعلیم کو فروغ دینا ہے۔**

**ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن**

**ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو نے سینک اسکول مانسبل میں قائم چھٹی ، نوویں اور 11 ویں جماعت کے امتحانی مراکز کا دورہ کرکے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ اس موقع پرناظم تعلیم نے متعلقہ عملے سے مخاطب ہو کر کہا کہ وہ امتحان کے لئے نظم و ضبط اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے اپنا کلیدی رول ادا کریں ۔**

**جی این ایتو نے کہا کہ داخلہ امتحان کے لئے مانسبل کے ساتھ ساتھ کرگل میں بھی امتحانی مراکز قائم کیا گیا ہے ، جہاں 850 خواہشمند طلباءنے امتحان میں شرکت کی ۔**

**اُمید سکیم**

**دین دیال انتو دیا یوجنا نیشنل رورل لائیولی ہڈس مشن جو جمونو کشمیر میں اُمید نامی سکیم سے معروف ہے ،کے تحت لاکھوں خواتین ہزاروں سلف ہیلپ گروپوں کا حصہ بنی ہوئی ہیں۔**

**آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے جمونو کشمیر رورل لائیولی ہڈس مشن کی ڈائریکٹر Dr. Shubhra Sharma نے کہا۔**

**اننت ناگ**

**لیگل میٹرولوجی محکمے نے اننت ناگ میں قومی شاہراہ پر واقع ایک پیٹرول پمپ پر 50 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا ۔ یہ پمپ صارفین کو ہر 5 لیٹر کے مقابلے میں تقریبا 35ملی لیٹر کم**

ایندھن فراہم کر رہا تھا ۔ محکمے نے تمام صارفین کو ایندھن خریدنے کے دوران ہوشیار رہنے کی تاکید کی ۔

CRPF

آپریشنز DIG وسطی کشمیر رینج کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل راجیو پانڈے اور سی آر پی ایف کے گاندربل اور سی آر پی ایف کی مشترکہ آپریشنل صلاحیتوں کا جائزہ لیا تاکہ SOG سدھیر کمار نے سیکورٹی اور آپریشنل تیاریوں کو تقویت دی جا سکے۔

SMC

سرینگر میونسپل کارپوریشن کی طرف سے ”سنڈے فار سرینگر“ مہم کے تحت شنکر اچاریہ مندر اور سید پورہ عید گاہ میں صفائی مہم چلائی گئی ۔ اس دوران عام لوگوں پر زور دیا گیا کہ وہ اپنے اطراف و اکناف کو صاف ستھرا رکھیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 0اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ